# فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ

## نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ (''کمپنی'' یا''FCSC'') کے شیئر ہولڈرز کا اکتیسواں (31واں) سالانہ اجلاس عام مؤرخہ 28 اکتوبر 2024ء بروز پیر دن 11:30 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور میں مندرجہ ذیل امور پر کارروائی کے لئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1. 27 نومبر 2023ء کو منعقدہ سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون 2024ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی پڑتال شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمعہ چیئرمین کا تجزیہ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور آڈیٹرز رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اپنانا۔
3. 30 جون 2025ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔

بحکم بورڈ

سجاد احمد

کمپنی سیکریٹری

لاہور:

07 اکتوبر 2024ء

**مندرجات:**

1) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 223 اور S.R.O. نمبر 389(I)/2023 مؤرخہ 21 مارچ، 2023ء کی پیروی میں 30 جون 2024ء کو اختتام پذیر سال کے لئے کمپنی کی سالانہ رپورٹ بمعہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس مندرجہ ذیل لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں:

a. ویب لنک http://pacepakistan.com/Pacepakistan/finance_fcsc.html

b. QR کوڈ

c. 30 جون 2024ء کو اختتام پذیر سال کے لئے سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر بھی دستیاب ہے۔

2) اراکین کا رجسٹر مؤرخہ 21 اکتوبر 2024ء تا 28 اکتوبر 2024ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ 20 اکتوبر 2024ء کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے رجسٹرار کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، K-1 کمرشل ماڈل ٹاؤن لاہور اور کمپنی کے شیئر ٹرانسفر آفس کو موصول ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاس عام کے لئے بروقت وصولی شمار کیا جائے گا۔

3) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجانی چاہئیں۔

4) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B-1، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانا چاہئے۔

5) خصوصی قرارداد پر مشتمل ایجنڈا آئٹمز کے لئے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) قواعد 2018ء کی پیروی میں اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 سے مشروط اراکین کو بذریعہ پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا ای ووٹنگ اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کا اختیار ہوگا جو مذکورہ بالا ضوابط میں درج اصولوں اور طریقہ کار کے عین

مطابق ہوگا۔

(6) کمپنیز ایکٹ 2017ء کے قواعد کی پیروی میں دوسرے شہر میں مقیم کم از کم 10 فی صد کل ادا شدہ سرمایہ حصص کے حامل شیئر ہولڈرز کمپنی کو وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی سہولت حاصل کرنے کا مطالبہ سکتے ہیں۔

وڈیو لنک سہولت کی درخواست اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 7 (سات) یوم قبل کمپنی کے شیئر رجسٹرار یا بذریعہ مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس کمپنی کو براہ راست اسٹینڈرڈ فارم پر دی جائے۔ یہ اسٹینڈرڈ فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

مزید یہ کہ، مؤرخہ 15.02.2021 کے سرکلر نمبر 04/2021 کی تعمیل میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز وڈیو/ ویب ایکس/ زوم یا دیگر برقی ذرائع سے اجلاس میں شرکت کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسے حصص داران جن کے نام 20 اکتوبر 2024ء کو کاروباری اوقات کار ختم ہونے تک کمپنی کی کتابوں میں ظاہر ہوتے ہیں اور وہ آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے AGM میں شرکت کے خواہش مند ہیں تو انہیں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں اپنا اندراج کرانے کی درخواست کی جاتی ہے۔

ای میل: sajjadahmad@pacepakistan.com؛ jawahar@pacepakistan.com

وٹس ایپ نمبر: 0303-4444800؛ 0302-8440935

شیئر ہولڈرز سے التماس ہے کہ وہ اپنی تفصیلات مندرجہ ذیل جدول کے مطابق پُر کریں۔

| نام شیئر ہولڈر | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/ CDC اکاؤنٹ نمبر | تعداد ملکیتی حصص | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

خواہش مند شیئر ہولڈرز سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی اُن کے ای میل ایڈریس پر لاگ ان تفصیلات/ پاس ورڈ بھیجے گی۔ اجلاس کے دن شیئر ہولڈرز اپنے سمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائس کے ذریعے کسی بھی مناسب مقام سے لاگ ان کر کے اجلاس کی کارروائی میں شرکت کر سکتے ہیں۔

اراکین اجلاس کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی آراء/تجاویز بھی مذکورہ بالا ای میل ایڈریس اور وٹس ایپ نمبر پر بھیج سکتے ہیں۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے انعقاد سے 10 منٹ قبل کھولی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس میں شرکت کر سکیں۔

(7) کمپنی کے خود مختار شیئر رجسٹرار کا پتا: **کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، 1-K، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور 35839182-(042)**

(8) نوٹس برائے سالانہ اجلاس عام کمپنی کی ویب سائٹ www.pacepakistan.com پر شائع کر دیا گیا ہے۔

(9) (a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بنیفیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

(b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بنیفیشل مالک مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہیئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔

(10) کمپنی نے سالانہ پڑتال شدہ کھاتے بذریعہ CD / DVD اور ای میل (اگر ای میل ایڈریس فراہم کیا گیا ہو) ارسال کر دیئے ہیں۔ مزید یہ کہ، کمپنی کسی رکن کی درخواست موصول ہونے پر مکمل کاغذی نقل بھی ارسال کرے گی۔

(11) اراکین سے گذارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتا میں تبدیلی سے متعلق فوراً آگاہ کریں۔

# پراکسی فارم

| |
|---|
| فولیونمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر: ____________ |
| ملکیتی حصص: ____________ |

کمپنی سیکریٹری
فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ
فرسٹ کیپٹل ہاؤس
96-B/1، ایم ایم عالم روڈ،
گلبرگ-III، لاہور

میں/ہم..................ولد/بنت/زوجہ..................شناختی کارڈ نمبر..................
بطور رکن (اراکین) فرسٹ کیپٹل سکیورٹیز کارپوریشن لمیٹڈ مسمی/مسماۃ.................. ولد/بنت/زوجہ ..................
شناختی کارڈ نمبر .................. یا اس /ان کی عدم حاضری پر مسمی/مسماۃ..................
ولد/بنت/زوجہ..................شناختی کارڈ نمبر..................کو مؤرخہ 28 اکتوبر 2024ء کو دن 11:30 بجے منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام یا مابعد نشست میں اپنی جانب سے ووٹ کرنے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کرتا/کرتی/کرتے ہوں/ہیں۔

مؤرخہ..................2024ء کو میرے دستخط سے جاری ہوا۔

| |
|---|
| پچاس روپے کی ریونیو ٹکٹ چسپاں کریں |

________________
دستخط رکن

(دستخط کمپنی کے ساتھ رجسٹرڈ دستخط کے مطابق ہونے چاہئیں)

مندرجہ ذیل کی موجودگی میں دستخط کئے گئے:

________________ ________________

دستخط گواہ 1 دستخط گواہ 2

**مندرجات:**

1) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا/کی اہل رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کے لئے کسی دوسرے/دوسری رکن کو اپنا/اپنی پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ مؤثر کرنے کی غرض سے پراکسیز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانی چاہئیں۔

2) کارآمد کرنے کی غرض سے پراکسی کا دستاویز اور مختار نامہ یا دیگر اتھارٹی (اگر کوئی ہے) جس کے تحت یہ دستخط شدہ ہو یا ایسے مختار نامہ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع فرسٹ کیپٹل ہاؤس، 96-B/1، لوئر گراؤنڈ فلور، ایم ایم عالم روڈ، گلبرگ III، لاہور کو اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل پہنچ جانی چاہئے۔

a) اجلاس میں شرکت اور رائے شماری کرنے کا اہل CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے شرکت کا آئی ڈی اور اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر بمعہ اصلی CNIC یا پاسپورٹ ہمراہ لائے گا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ جس پر nominees کے نمونہ کے دستخط موجود ہوں اجلاس کے انعقاد کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)

b) پراکسیز کے تقرر کے لئے، CDC کا فرد واحد بینی فیشل مالک مذکور بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم بمعہ شرکت کا آئی ڈی، اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ نمبر بشمول CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقل جمع کرائے گا۔ دو افراد کی جانب سے ان کے نام، پتا اور CNIC نمبر کے ساتھ پراکسی فارم کی توثیق ہونی چاہئے۔ پراکسی کو اجلاس کے انعقاد کے وقت اپنا اصلی CNIC یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کاروباری ادارہ کی صورت میں نمونہ کے دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو)۔